
# گھر پر خود سے انجیکشن لگانے کے لیے قدم بہ قدم رہنمائی
## (برائے زیر جلد انجیکشن)



Caring Innovation

تیاری کی تاریخ: مئی 2024
جاب بیگ کوڈ: UKCOR00418
اس کتابچہ کو IBSA نے تیار کیا ہے

**براہ کرم اپنا پہلا انجیکشن لگانے سے پہلے پیک کے ساتھ فراہم کردہ معلومات برائے مریض کا پرچہ پڑھیں**

# طریقۂ استعمال

یہ کتابچہ اور وہ کٹ جس کا اس میں حوالہ ہے وہ زیر جلد انجیکشنز (جلد کے نیچے انجیکشنز) کے مقاصد کے لیے ہیں۔

**مناسب مشورہ اور تربیت کے بعد آپ کی نگہداشت صحت کا پیشہ ور آپ سے خود کو انجیکشن لگانے کو کہہ سکتا ہے۔**

**قبل اس کے کہ آپ پہلی بار خود کو انجیکشن لگائیں، آپ کی نگہداشت صحت کے پیشہ ور پر لازم ہے کہ:**

- انہوں نے آپ کو خود سے انجیکشن لگانے کے لیے انجیکشن کی ممکنہ جگہوں کے بارے میں بتا دیا ہو؛
- انجیکشن کے لیے محلول تیار کرنے کا طریقہ سمجھا دیا ہو؛
- انجیکشن کی درست خوراک تیار کرنے کے طریقہ کی وضاحت کر دی ہو۔

## خود کو انجیکشن لگانے سے پہلے، مندرجہ ذیل ہدایات کو بغور پڑھیں:

- پیک پر منسوخی کی تاریخ ملاحظہ کریں اور اگر وہ گزر چکی ہو تو اس پروڈکٹ کو استعمال نہ کریں۔
- چیک کر لیں کہ آپ کے پاس فرٹیلیٹی کی دوا کی شیشیوں کی درست تعداد اور قوت موجود ہے جیسا کہ آپ کے نسخہ میں بیان کیا گیا ہے۔ آپ کے پاس سالوینٹ امپولز اور فرٹیلیٹی کی دوا کی شیشیوں کی تعداد برابر ہونی چاہیے۔
- اگر آپ اپنی مجوّزہ خوراک کے بارے میں پر یقین نہ ہوں تو براہ کرم اپنے نگہداشت صحت کے پیشہ ور سے رجوع کریں۔

### ہر ایک سیٹ کے مشمولات حسب ذیل ہیں*:

20 عدد 2 ملی لیٹر سرنجیں

20 عدد ہری ڈرائنگ اپ سوئیاں

20 عدد پیلی انجیکشن سوئیاں

20 عدد ٹرانسلوسنٹ پلاسٹک امپول اسنیپرز

1 عدد نوکیلی اشیاء کا پلاسٹک کا کوڑے دان

*آپ کی کلینک کے لحاظ سے تعداد مختلف ہو سکتی ہے۔

# گھر پر انجیکشن لگانے کا طریقہ

## 1. استعمال سے قبل

**یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس کام کرنے کے لیے ایک صاف ستھری سطح ہو جس پر آپ ضروری تمام اشیاء رکھ سکیں:**

1. ایک امپول اسنیپر
2. ایک 2 ملی لیٹر سرنج
3. ایک طویل، ہری ڈرائنگ اپ سوئی
4. ایک چھوٹی، پیلی انجیکشن سوئی
5. آپ کی دوا



ایک صاف ستھری سطح کو تیار کریں اور اپنے ہاتھوں کو صابن اور گرم پانی سے دھوئیں۔

## 2. سرنج اور سوئی تیار کرنا

a. ایک طویل، ہری ڈرائنگ اپ سوئی کی ریپنگ کو کھولیں۔
b. اس کی پیکجنگ سے ایک سرنج نکالیں۔
c. سوئی کے حفاظتی ڈھکن کو اس کی جگہ پر برقرار رکھتے ہوئے ڈرائنگ-اپ سوئی کو سرنج سے مربوط کریں۔

## 3. سالوینٹ کے امپول کو کھولنا




سالوینٹ کا ایک امپول لیں اور اوپری حصّہ کو ہلکا جھٹکا دیں تاکہ اوپر موجود مائع کا کوئی بھی قطرہ نیچے چیمبر کے نچلے حصّہ میں گر جائے۔

امپول کی گردن پر مرئی رنگین ڈاٹ کے نیچے، گلاس کو اسکور دیا گیا ہے تاکہ اس کو توڑنا زیادہ آسان ہو۔




امپول کو ایک ہاتھ میں پکڑیں جبکہ ڈاٹ کا رخ آپ کی مخالف سمت میں ہو۔

دوسرے ہاتھ کا استعمال کرتے ہوئے، امپول اسنیپر کے تنگ سرے کو مضبوطی کے ساتھ امپول کے اوپر لگائیں یہاں تک کہ وہ کلک کی آواز کے ساتھ بیٹھ جائے۔




ایک ہاتھ میں امپول کے نچلے حصّہ کو مضبوطی سے پکڑیں اور دوسرے ہاتھ سے امپول اسنیپر کو اپنی طرف کھینچتے ہوئے امپول کے اوپری حصّہ کو اسنیپ کریں۔




کھلے ہوئے امپول کو کام کی جگہ پر رکھ دیں۔ ٹوٹے سرے اور امپول اسنیپر کو نکیلی اشیاء کے کوڑے دان میں ضائع کر دیں۔

# 4. سالوینٹ کو سرنج میں کشید کرنا





تیار شدہ سرنج لیں اور سوئی کا ڈھکن ہٹائیں۔

اس حال میں کہ سرنج آپ کے ایک ہاتھ میں اور کھلا ہوا امپول دوسرے ہاتھ میں ہو سوئی کو سالوینٹ میں رکھیں۔ سبھی مائع سرنج میں کشید کر لیں اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ سوئی کا سرا مائع کی سطح کے نیچے باقی رہتا ہے۔ یہ سرنج میں ہوا داخل ہونے کے امکان کو کم کرتا ہے۔

# 5. انجیکشن کے لیے دوا تیار کرنا

دوا (سفید پاؤڈر) کی ایک شیشی لیں اور حفاظتی پلاسٹک کا ڈھکن ہٹائیں، اور شیشی کے اوپری حصّہ میں ربڑ کی ایک پرت کو اکسپوز کریں۔




شیشی کے اوپری حصّہ میں ربڑ کی پرت میں سوئی سے سوراخ کریں اور دھیرے دھیرے مائع کو شیشی کے اندر سفید پاؤڈر میں داخل کریں۔





*شیشی کو ہلانے کی ضرورت کے بغیر سفید پاؤڈر فوراً محلول ہو جاتا ہے۔*

اس کے گھل جانے کے بعد، آہستہ آہستہ محلول کو سرنج میں کشید کر لیں۔


**اگر آپ کو فی انجیکشن ایک سے زیادہ دوا کی شیشی تجویز کی گئی ہے تو سرنج میں پہلے سے موجود محلول کو اگلی شیشی میں داخل کریں، قدم 5 کو دوہراتے ہوئے۔**

**دوا کے آپ کے پیک میں موجود ورقچہ میں زیادہ سے زیادہ شیشیوں کی تعداد سے متعلق معلومات ہیں جو ایک امپول (1 ملی لیٹر) سالوینٹ میں حل کی جا سکتی ہے۔**

# 6. انجیکشن تیار کرنا




جب شیشیوں کی درست تعداد کے مواد سرنج میں کشید کر لیے جائیں۔ سوئی کا رخ اوپر کی طرف رکھیں اور ڈرائنگ اپ سوئی پر حفاظتی ڈھکن واپس لگا دیں۔




سرنج سے سوئی کو الگ کر لیں اور اس کو خالی شیشیوں کے ساتھ نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان میں ضائع کر دیں۔




پیکجنگ سے چھوٹی پیلی سوئی کو نکالیں اور اس کو مضبوطی سے سرنج میں لگائیں۔




سوئی کا حفاظتی ڈھکن ہٹا دیں اور ہوا کے بلبلوں کے لیے سرنج کی جانچ کریں۔

سرنج کو اس طرح پکڑیں کہ سوئی کا سرا اوپر کی طرف ہو اور اپنی انگلی سے سرنج کو ہلکا جھٹکا دیں یہاں تک کہ تمام بلبلے اوپر جمع ہو جائیں۔





سرنج کے پلنجر کو آرام سے دھکیلیں یہاں تک کہ تمام بلبلے نکل جائیں اور مائع کا ایک قطرہ سوئی کے سرے پر ظاہر ہو جائے۔

## 7. محلول کا انجیکشن لگانا




پیٹ کے مقام پر انجیکشن دیتے وقت اس بات کی سفارش کی جاتی ہے کہ اس کام کو ناف کے نیچے ایک قوس کے علاقے میں کہیں پر کرنا چاہیے۔

کیوں کہ یہ پروڈکٹ روزانہ دیا جاتا ہے انجیکشن کے مقام کو تبدیل کرتے رہنے کی سفارش کی جاتی ہے تاکہ ایک ہی جگہ میں انجیکشن کی تکرار نہ ہو۔




ایک ساتھ مضبوطی سے جلد کو چٹکی میں پکڑ لیں اور °45 تا °90 کے درمیان ایک زاویے پر سوئی داخل کریں۔




چٹکی میں پکڑی ہوئی جلد کو چھوڑنے کے ساتھ ساتھ پلنجر کو آہستہ آہستہ اور مسلسل دباتے ہوئے پوری دوا داخل کر دیں۔




اپنی استعمال کی ہوئی تمام سوئیاں، سرنجیں اور انجیکشن کے سامان نوکیلی اشیاء کے کسی کوڑے دان میں ضائع کر دیں۔

نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان کا ڈھکن اس وقت تک بند نہ کریں جب تک کہ آپ نے علاج کا اپنا پورا کورس مکمل نہ کر لیا ہو، اس کے بعد آپ نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان کو اپنی کلینک کی ہدایات کے مطابق ٹھکانے لگا دیں۔

# گھر پر خود سے انجیکشن لگانے کے لیے قدم بہ قدم رہنمائی

(برائے زیر جلد انجیکشن)

**ہم آپ کو اپنا معاون قدم بہ قدم ویڈیو ڈیمانسٹریشن دیکھنے کی بھی سفارش کرتے ہیں**

اگر آپ کو کوئی ضمنی اثرات ہو جاتے ہیں تو اپنے ڈاکٹر، فارمیسسٹ یا نرس سے بات کریں۔
اس میں کوئی بھی ایسے ممکنہ ضمنی اثرات شامل ہیں جو پیکج کے ورقچہ میں مذکور نہیں ہیں۔

آپ ضمنی اثرات کی اطلاع راست طور پر یلو کارڈ اسکیم (Yellow Card Scheme)
کے ذریعہ /https://yellowcard.mhra.gov.uk پر بھی کر سکتی ہیں۔

ضمنی اثرات کی اطلاع دے کر آپ اس دوا کے محفوظ ہونے
کے سلسلہ میں مزید معلومات فراہم کرنے میں مدد کر سکتی ہیں۔

IBSA Pharma کو کسی ضمنی اثر یا پروڈکٹ سے متعلق شکایت
کی اطلاع دینے کے لیے براہ کرم **IBSA Pharma Ltd** سے **01923233466**
پر اور **medicalinformation.uk@ibsagroup.com** پر رابطہ کریں